1553 ـ مذبح خانہ میں کچھ ملازمین بے نماز ہیں

سوال

مذبح خانہ میں کچھ لوگ ملازم ہیں جن میں نمازی بھی اور بے نماز بھی ہیں، اور وہاں موجود ملازمین میں سے اکثر دین اسلامی کو برا کہتے ہیں، تو کیا ان کا ذبح کیا ہوا گوشت کھانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

دین اسلام کو برا کہنے والوں کو اس مذبح خانہ میں رہنے دینا جائز نہیں اگرچہ وہ نماز بھی ادا کرتے ہوں، کیونکہ دین اسلام کو برا کہنا کفر اور دین اسلام سے خارج کر دیتا ہے، اور جو شخص انکارا نماز نہیں پڑھتا، یا نماز ترک کرنے پر مصر ہے، یا پھر وہ اپنے گھروں میں بھی نماز ادا نہیں کرتا تو اسے بھی وہاں نہیں رہنے دینا چاہیے، اور ان کا ذبح کیا ہوا گوشت کھانا جائز نہیں، چاہے وہ اپنے آپ کو مسلمان ہی کیوں نہ کہتے ہوں، اور اس پر بسم اللہ بھی پڑھتے ہوں.

اگر تو وہ ملك اسلامی ہے، اور وہاں اسلامی قوانین نافذ ہیں تو آپ کو اس مسئلہ میں خاموشی اختیار نہیں کرنی چاہیے، اور اگر آپ انہیں وہاں سے نکلوا نہیں سکتے تو پھر مسلمانوں کو ان کا ذبح کیا ہوا گوشت کھانے سے بچنے کا کہیں .